سوال

سلسلہ احادیث الصیحہ اور صیح الجامع الصغیر کی صحت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا سلسلہ احادیث الصیحہ اور صیح الجامع الصغیر میں تمام احادیث صیح ہیں؟ جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سلسۃ الاحادیث الصیحۃ اور صیح الجامع الصغیر حسان وصحاح احادیث کا عظیم مجموعہ ہے اور یہ دونوں کتب علامہ البانی مرحوم رحمہ اللہ کی محنت شاقہ کا ثمر اوراحایث کی تحقیق وتخریج کا حسین مرقع ہیں۔ان کتب میں اغلب احایث حسن یا صیح درجہ ہی کی ہیں ۔ البتہ کچھ روایات کمزور ضعیف بھی ہیں، چنانچہ ان میں سے بعض روایات کی صحت سے علامہ موصوف رحمہ اللہ کا اپنا رجوع بھی ثابت ہے، جس کی وضاحت تراجعات البانی میں دیکھی جا سکتی ہے اور کچھ روایات پر دیگر محققین کے تحفظات ہیں۔ المختصر ان کتب میں ضعیف روایات کا وجود نہایت کم ہے اور حسن و صیح روایات کی بہتات ہے، اس لیے مجموعی اعتبار سے یہ دونوں کتب نہایت مفید اور ذخیرہ احادیث میں بیش قیمت اضافہ ہیں۔

وباللہ التوفیق

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث